www.dailytijartirahbar.com.pk E-mail.Tijartirahbar@gmail.com

جاری شدہ 1947ء

Member APNS . CPNE ABC CERTIFIED

041.2615524_2635524 CPL,NO .24

روزنامہ

تجارتی رہبر

منیجنگ ایڈیٹر: عتیق الرحمٰن

فیصل آباد

قیمت 6 روپے

ایڈیٹر: شاہد محمود 0300.7904948

جلد 77 | اتوار 2 اپریل 2023ء، 11 رمضان المبارک 1444ھ، 19 چیت 2077 بم | شمارہ 73

سودی کاروبار کرنے والوں کے ساتھ میری کھلی جنگ ہے

القرآن

نور

# پنجاب میں جیلوں کی بہتری کیلئے کیے جانیوالے اقدامات قابل تقلید ہیں، وفاقی محتسب

**سپریم کورٹ کی ہدایت کی روشنی میں تمام صوبوں میں جیل ریفارمز کا عمل جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی جیلوں میں قیدیوں کیلئے گنجائش اور دیگر مسائل پر قابو پانے کیلئے مثالی اقدامات کئے جا رہے ہیں**

جیلوں سے متعلق ترقیاتی منصوبوں میں ترجیحات طے کر کے کام شروع کیا جانا چاہئے، جیلوں کی بہتری صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور قیدیوں کے مسائل کے حل کیلئے موثر اقدامات کئے جا رہے ہیں

**صوبہ کی جیلوں میں ملاقات کے طریقہ کار اور دیگر بنیادی ضروریات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ آئی جی جیل خانہ جات نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی**

لاہور (نامہ نگار) پنجاب میں جیلوں کی بہتری کیلئے کئے جانیوالے اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ صوبہ میں قیدیوں کی فلاح کیلئے کیا جانیوالا کام قابل تقلید ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز سول سیکرٹریٹ میں منعقدا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جیل اصلاحات کا جائزہ لینے کیلئے منعقدا اجلاس میں چیف سیکرٹری پنجاب، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، آئی جی جیل خانہ جات اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ سپریم کورٹ کی ہدایت کی روشنی میں تمام صوبوں میں جیل ریفارمز کا عمل جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی جیلوں میں قیدیوں کیلئے گنجائش اور دیگر مسائل پر قابو پانے کیلئے مثالی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جیلوں سے متعلق ترقیاتی منصوبوں میں ترجیحات طے کر کے کام شروع کیا جانا چاہئے۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے کہا کہ جیلوں کی بہتری صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور قیدیوں کے مسائل کے حل کیلئے موثر اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ کی جیلوں میں ملاقات کے طریقہ کار اور دیگر بنیادی ضروریات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ آئی جی جیل خانہ جات نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے کہا کہ کہ تمام جیلوں میں اوورسائٹ اور ویلفیئر کمیٹیاں قائم کر دی گئی ہیں۔ نشے کے عادی قیدیوں کی بحالی کیلئے 17 جیلوں میں 20 بیڈز پر مشتمل ہسپتال جون تک مکمل ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ 10 جیلوں میں 170 کروڑ روپے کی لاگت سے کثیر منزلہ اضافی بیرکس تعمیر کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ویڈیو لنک ٹرائل کیلئے نو سینٹرل جیلوں کو انسداد دہشتگردی کی عدالتوں سے منسلک کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جیلوں میں قیدیوں کو مفت قانونی امداد اور ٹیکنیکل ٹریننگ فراہم کی جا رہی ہے جبکہ قیدیوں کی شکایات کے ازالے کیلئے سنٹرل کمپلینٹ سیل بھی قائم کیا گیا ہے۔

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی، چیف سیکرٹری پنجاب و دیگر جیل اصلاحات کا جائزہ لینے کیلئے سول سیکرٹریٹ میں منعقدا اجلاس میں شریک ہیں۔

روزنامہ
پرواز
لاہور
فیصل آباد
اتوار 02 اپریل 2023ء 11 رمضان المبارک 1444ھ

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی، چیف سیکرٹری پنجاب ودیگر جیل اصلاحات کا جائزہ لینے کیلئے سول سیکرٹریٹ میں منعقدہ اجلاس میں شریک ہیں

# پنجاب میں جیلوں کی بہتری کیلئے کیے جانیوالے اقدامات قابل تقلید، وفاقی محتسب

## صوبہ کی جیلوں میں قیدیوں کیلئے بنیادی ضروریات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ چیف سیکرٹری

### نشے کے عادی قیدیوں کی بحالی کیلئے 17 جیلوں میں 20 بیڈز پر مشتمل ہسپتال جون تک مکمل ہو جائیں گے

## 10 جیلوں میں 170 کروڑ روپے کی لاگت سے کثیر منزلہ اضافی بیرکس تعمیر کیے گئے ہیں، اجلاس کو بریفنگ

لاہور (بیورو چیف) پنجاب میں جیلوں کی بہتری کیلئے کیے جانیوالے اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ صوبہ میں قیدیوں کی فلاح کیلئے کیا جانیوالا کام قابل تقلید ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز سول سیکرٹریٹ میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جیل اصلاحات کا جائزہ لینے کیلئے منعقدہ اجلاس میں چیف سیکرٹری پنجاب، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، آئی جی جیل خانہ جات اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ سپریم کورٹ کی ہدایت کی روشنی میں تمام صوبوں میں جیل ریفارمز کا عمل جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی جیلوں میں قیدیوں کیلئے گنجائش اور دیگر مسائل پر قابو پانے کیلئے مثالی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جیلوں سے متعلق ترقیاتی منصوبوں میں ترجیحات طے کر کے کام شروع کیا جانا چاہیے۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے کہا کہ جیلوں کی بہتری صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور قیدیوں کے مسائل کے حل کیلئے موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ کی جیلوں میں ملاقات کے طریقہ کار اور دیگر بنیادی ضروریات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ آئی جی جیل خانہ جات نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے کہا کہ کہ تمام جیلوں میں اوور سائٹ اور ویلفیئر کمیٹیاں قائم کر دی گئی ہیں۔ نشے کے عادی قیدیوں کی بحالی کیلئے 17 جیلوں میں 20 بیڈز پر مشتمل ہسپتال جون تک مکمل ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ 10 جیلوں میں 170 کروڑ روپے کی لاگت سے کثیر منزلہ اضافی بیرکس تعمیر کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ویڈیو لنک ٹرائل کیلئے نو سینٹرل جیلوں کو انسداد دہشتگردی کی عدالتوں سے منسلک کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جیلوں میں قیدیوں کو مفت قانونی امداد اور ٹیکنیکل ٹریننگ فراہم کی جا رہی ہے جبکہ قیدیوں کی شکایات کے ازالے کیلئے سنٹرل کمپلینٹ سیل بھی قائم کیا گیا ہے۔